بسم اللہ الرحمن الرحیم

فون نمبر ۴۹

رجسٹرڈ نمبر ۵۴

ان الفضل یبلغ ما یرید ۔ سیبلغ الفضل ما یرید

روزنامہ

الفضل

ربوہ

یومیہ چار صفحے

ایڈیٹر روشن دین تنویر

The Daily
ALFAZL
RABWAH

قیمت فی پرچہ ۱۲ پیسے

جلد ۲۲/۵۷ | ۱۰ صلح ۱۳۴۷ ہش ۹ شوال ۱۳۸۷ھ ۱۰ جنوری ۱۹۶۸ء | نمبر ۶

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الثالث ایدہ اللہ نے جلسہ سالانہ کے انتظامات کا معائنہ فرمایا

حضور نے اجتماعی دعا کرانے کے علاوہ افسرانِ متعلقہ کو بیش قیمت ہدایات سے نوازا

دارالصدر کے مرکزی لنگر خانہ میں مہمانانِ کرام کے لئے کھانا تیار کرنیکا کام شروع ہو گیا

ربوہ ۹ جنوری ۔ کل سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الثالث ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے ایک گھنٹہ سے زائد عرصہ تک جلسہ سالانہ کے انتظامی شعبوں کا معائنہ فرما کر ان شعبہ جات کے متعلقہ افسران کو بیش قیمت ہدایات سے نوازا ۔ حضور ایدہ اللہ کل پونے گیارہ بجے قبل دوپہر محترم سید داؤد احمد صاحب افسر جلسہ سالانہ کی معیت میں دفتر جلسہ سالانہ میں تشریف لائے ۔

جہاں جلسہ کے جملہ انتظامی شعبے ۷ جنوری سے ہنگامی بنیادوں پر پوری مستعدی کے ساتھ مصروفِ کار ہیں ۔ کارکنانِ جلسہ نے جن کی تعداد ایک ہزار سے اوپر تھی اپنے اپنے افسران کی سرکردگی میں حضور کے استقبال کی سعادت حاصل کی ۔ جملہ ناظمین اور افسران شعبہ جات دو رویہ قطاروں میں ایستادہ تھے اور جملہ معاونین اور کارکنان اپنے اپنے افسر کے پیچھے خاص ترتیب اور نظام کے تحت کھڑے ہوئے تھے حضور نے جملہ ناظمین اور افسران شعبہ جات کو شرفِ مصافحہ عطا فرمایا ۔

بعدہٗ حضور نے افسر صاحب جلسہ سالانہ کی معیت میں جلسہ کے ان تین نئے سٹوروں کا معائنہ فرمایا جو دفتر جلسہ سالانہ کے قریب حال ہی میں تعمیر کئے گئے ہیں ۔ سٹوروں کے معائنہ سے فارغ ہو کر حضور ایدہ اللہ دفتر جلسہ سالانہ کے برآمدہ میں تشریف لائے اور وہاں کھڑے ہو کر حضور نے اجتماعی دعا کرائی جس میں ناظمین شعبہ جات کے افسران اور جملہ معاونین اور کارکنان شریک ہوئے دعا کے بعد تمام معاونین اور کارکنان کو اپنی اپنی ڈیوٹیوں پر واپس جانے کی اجازت دی گئی ۔

بعد ازاں حضور محترم افسر صاحب جلسہ سالانہ اور بعض دیگر احباب کی معیت میں افسر صاحب جلسہ سالانہ کے دفتر کے اندر تشریف لے گئے ۔ اور وہاں کچھ دیر رونق افروز رہ کر افسران متعلقہ کے ساتھ انتظامی امور پر گفتگو فرمائی اور انتظامات کو مزید بہتر بنانے کے سلسلہ میں انہیں بیش قیمت ہدایات سے نوازا ۔ دفتر میں اس مختصر مجلس کے اختتام پر بھی حضور نے دعا کرائی ۔

انتظامی شعبوں کے معائنہ سے فارغ ہونے کے بعد حضور وہاں سے ½۱۱ بجے کے قریب افسر صاحب جلسہ سالانہ کی معیت میں دارالصدر کے مرکزی لنگر خانہ تشریف لے گئے ۔ جہاں لنگر خانہ کے ناظم محترم صاحبزادہ مرزا خورشید احمد صاحب ایم ۔ اے اور دیگر ناظمین نے حضور کا استقبال کیا ۔ حضور نے نصف گھنٹہ سے زائد عرصہ تک لنگر خانہ کے جملہ شعبوں اور انتظامات کا معائنہ فرما کر ناظمین کو قیمتی ہدایات سے سرفراز فرمایا ۔ لنگر خانہ کے معائنہ کے بعد حضور قصرِ خلافت واپس تشریف لے گئے ۔

یاد رہے دارالصدر کے مرکزی لنگر خانہ میں کل مورخہ ۸ جنوری کی شام سے مہمانانِ کرام کے لئے کھانا تیار اور تقسیم کرنیکا کام باقاعدہ شروع ہو گیا ہے ۔ باقی لنگر خانے بھی آج ۹ جنوری کی شام سے کام کرنا شروع کر دیں گے ۔

ادھر ربوہ میں حضرت مسیح موعود علیہ السلام کے مہمانوں کی آمد کا سلسلہ کئی روز پہلے سے شروع ہو چکا ہے ۔ اور ربوہ کی رونق اور گہما گہمی میں لحظہ بہ لحظہ اضافہ ہو رہا ہے بازاروں میں عارضی دکانیں لگ رہی ہیں ۔ اور مرکزی دکانوں کی سجدھج خوب سے خوب تر ہوتی جا رہی ہے ۔ جس طرف بھی نظر اٹھاؤ ہر طرف سرگرمی ہی سرگرمی نظر آتی ہے ۔ اور یوں معلوم ہوتا ہے کہ ہر طرف ایک نئی زندگی کی لہر دوڑ رہی ہے ۔ فالحمد للہ

جلسہ گاہ کے انتظامات بھی بحمد اللہ پایۂ تکمیل کو پہنچ گئے

رقبہ کو اور زیادہ وسیع کرنے کے علاوہ مزید ۵۰۰ کرسیوں کا اضافہ

ربوہ ۹ جنوری ۔ اللہ تعالیٰ کے فضل سے جلسہ گاہ کے انتظامات بھی افسر جلسہ گاہ محترم مولانا قاضی محمد نذیر صاحب لائل پوری ناظر اصلاح وارشاد کی زیر نگرانی پایۂ تکمیل کو پہنچ گئے ہیں ۔ اسٹیج مکمل ہو گیا ہے ۔ باقی جلسہ گاہ کو پہلے کی نسبت زیادہ وسیع اور صاف کر کے اس میں کسیر بچھا دی گئی ہے ۔ اور اسے مختلف بلاکس میں تقسیم کر دیا گیا ہے ۔ کرسیوں کے احاطہ میں مزید پانچ صد کرسیوں کا اضافہ کیا گیا ہے ۔ لاؤڈ سپیکر کی وائرنگ وغیرہ بھی مکمل ہو گئی ہے ۔ نیز سائبان اور قناتیں ربوہ پہنچ چکی ہیں ۔ پینے کے پانی وضو اور بیت الخلا کے نظام کو پہلے کی نسبت زیادہ بہتر بنا دیا گیا ہے ۔ مزید برآں مردانہ اور زنانہ جلسہ گاہ کے درمیان بجلی کا طویل رابطہ قائم ہو چکا ہے ۔ جس کی وجہ سے اصل مردانہ جلسہ گاہ کی تقاریر لاؤڈ سپیکر کے ذریعہ بیک وقت مستورات کے جلسہ میں بھی سنی جا سکیں گی ۔

اخبار احمدیہ

۹۶

۔ ربوہ ۹ جنوری ۔ سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الثالث ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی صحت کے متعلق آج صبح کی اطلاع مظہر ہے کہ طبیعت اللہ تعالیٰ کے فضل سے اچھی ہے ۔ الحمد للہ ۔

۔ ربوہ ۹ جنوری ۔ حضرت سیدہ نواب مبارکہ بیگم صاحبہ مدظلہا العالی کی طبیعت آج کل زیادہ ناساز ہے ۔ بردِ اطراف ، دورانِ سر اور یکدم ضعف کا دورہ ہو جاتا ہے ۔ احباب جماعت خاص توجہ اور التزام سے دعائیں کریں کہ اللہ تعالیٰ حضرت سیدہ موصوفہ کو اپنے فضل سے صحت کاملہ و عاجلہ عطا فرمائے ۔ اور آپ کی عمر میں از حد برکت ڈالے آمین

۔ ربوہ ۹ جنوری ۔ حضرت سیدہ نواب امۃ الحفیظ بیگم صاحبہ مدظلہا العالی کی طبیعت پہلے کی نسبت بہتر ہے ۔ احباب بالالتزام دعائیں جاری رکھیں کہ اللہ تعالیٰ حضرت سیدہ موصوفہ کو اپنے فضل سے شفائے کامل و عاجل عطا فرمائے ۔ اور صحت و عافیت کے ساتھ عمر دراز عطا فرمائے آمین

۔ درویشانِ قادیان کا قافلہ انشاء اللہ تعالیٰ ۹ اور ۱۰ جنوری ۱۹۶۸ء کی درمیانی شب ½۱ بجے بذریعہ سپیشل ٹرین ربوہ پہنچے گا ۔ احباب اپنے درویش بھائیوں کا استقبال کرنے کی سعادت حاصل کریں ۔ (ناظر خدمتِ درویشان)

روزنامہ الفضل ربوہ

مورخہ ۱۰ جنوری ۱۹۶۸ء

جلسہ سالانہ کی اہمیت

گزشتہ اداریہ میں ہم نے بتایا تھا کہ سیدنا حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کے نزدیک جلسہ سالانہ کی جو اہمیت ہے۔ اس کی بنیاد کن اغراض پر ہے ہم نے سیدنا حضرت مسیح موعود علیہ السلام کا ایک اقتباس پیش کیا تھا جس میں آپ نے بتایا تھا کہ جلسہ سالانہ میں شمولیت سے

خدا تعالےٰ کے فضل اور توفیق سے ان (احباب) کی معرفت ترقی پذیر ہوتی ہے۔

یہ اصل اور بنیادی فائدہ ہے جو جلسہ سالانہ میں شمولیت سے دوستوں کو انفرادی طور پر حاصل ہوتا ہے۔ ہم اس کی وضاحت کسی قدر گزشتہ اداریہ میں کر چکے ہیں۔ تاہم جلسہ سالانہ کے اور بھی بہت سے ضمنی فیوض ہیں جو دوستوں کو حاصل ہوتے ہیں۔ چنانچہ سیدنا حضرت مسیح موعود علیہ السلام اسی اشتہار مورخہ دسمبر ۱۸۹۲ء میں فرماتے ہیں:۔

"پھر اس کے ضمن میں یہ بھی فوائد ہیں کہ اس ملاقات سے تمام بھائیوں کا تعارف بڑھے گا اور جماعت کے تعلقات اخوت استحکام پذیر ہوں گے۔

یہ ایک بہت عظیم فائدہ ہے جو جلسہ سالانہ میں شمولیت سے احباب کو حاصل ہوتا ہے۔ زمانہ حال میں ایک ہی خاندان کے کئی دوست روزی کے حصول کی وجہ سے دنیا کے مختلف مقامات میں بکھر گئے ہوئے ہیں۔ شاید ہی کوئی خاندان ہوگا جس کے تمام افراد ایک مقام پر مقیم ہوں ورنہ عام طور پر ایک فرد اگر سالکوٹ میں ہے تو دوسرا لاہور میں تیسرا کراچی میں۔ چوتھا لنڈن یا امریکہ میں۔

یہ تو ایک خاندان کا حال ہے۔ اس کے مختلف افراد دنیا کے مختلف مقامات میں بکھرے ہوتے ہیں۔ اب خود احمدی دوستوں کا تصور کیجئے۔ کہ کوئی کہیں کا ہے اور کوئی کہیں کا۔ سوائے جلسہ سالانہ کے ایسے منتشر احباب کو باہم ملاقات کا اور کونسا سنہری موقعہ دستیاب ہو سکتا ہے۔

اگر ہم اسلامی نظام صلوٰۃ کو ہی دیکھیں تو اس میں بھی دوستوں کے ملاقات کے مواقع کا خاص اہتمام کیا گیا ہے۔ باجماعت نماز کا ثواب تنہائی کی نماز سے بدرجہا زیادہ ہے۔ کیونکہ اس میں ایک محلہ کے آدمی پانچ وقت مسجد میں اکٹھے ہو جاتے ہیں۔ اور دینی مشترکہ دلچسپی کے معاملات کے متعلق تبادلۂ خیالات کر سکتے ہیں۔ پھر جمعہ کی نماز ہے کہ بڑے شہر میں کئی محلوں کے دوست ملاقات کے مواقع حاصل کرتے ہیں۔ اس سے بھی بڑھ کر عیدین کی نماز ہے کہ تمام شہر اور گرد و نواح کے دوست ایک مقام پر اکٹھے ہو جاتے ہیں۔ حج بیت اللہ میں تمام دنیا کے لوگ جمع ہوتے ہیں۔

جہاں تک جماعت احمدیہ کا تعلق ہے اگرچہ حج بیت اللہ کے موقعہ پر مختلف ممالک کے احمدی باہم مل جاتے ہیں۔ مگر یہ سعادت صرف چند افراد کو حاصل ہوتی ہے۔ اس کے برخلاف جلسہ سالانہ ہمارے لئے ایک ایسا موقعہ بہم پہنچاتا ہے۔ کہ جہاں تک جماعتی ترقی اور دوستوں کی اخوت باہمی کے ازدیاد کا معاملہ ہے ہمیں اس میں نہایت اچھا موقعہ حاصل ہوتا ہے۔ کہ ہم باہمی تعلقات کو زیادہ استوار کریں اور سلسلہ کی ترقی اور اس کے کام کی وسعتوں پر غور کریں۔ چنانچہ

اسی اشتہار میں سیدنا حضرت مسیح موعود علیہ السلام فرماتے ہیں:۔

"ماسوا اس کے اس جلسہ میں یہ بھی ضروریات میں سے ہے کہ یورپ اور امریکہ کی دینی ہمدردی کے لئے تدابیر حسنہ پیش کی جائیں۔"

سیدنا حضرت مسیح موعود علیہ السلام نے صرف مثال کے لئے ایک بات پیش کی ہے۔ ورنہ احباب جانتے ہیں کہ جلسہ سالانہ پر ایسے بہت سے کام سرانجام پاتے ہیں۔ جو سال بھر میں نہیں ہو سکتے۔ کیونکہ بعض دوست جو ایک وقت میں مرکز یا کسی اور جگہ ایسے کاموں کے لئے جمع نہیں ہو سکتے۔ چنانچہ جلسہ سالانہ کے ایام میں کئی ضمنی اجلاس منعقد ہوتے ہیں۔ اس مختصر مقالہ میں ان کی تفصیل میں جانا ممکن نہیں۔

الغرض یہ بہت بڑا ضمنی فائدہ ہے۔ جو جلسہ سالانہ کی وجہ سے سلسلہ کو بحیثیت مجموعی حاصل ہوتا ہے۔ اور سلسلہ کے اکثر کام اس اجتماع کی وجہ سے انجام پذیر ہوتے ہیں۔ لہٰذا سیدنا حضرت مسیح موعود علیہ السلام فرماتے ہیں:۔

"سو لازم ہے کہ اس جلسہ پر جو کئی بابرکت مصالح پر مشتمل ہے ہر ایک ایسے صاحب ضرور تشریف لاویں جو زادِ راہ کی استطاعت رکھتے ہوں۔"

پھر سیدنا حضرت مسیح موعود علیہ السلام تاکید کرتے ہوئے فرماتے ہیں:۔

"اس جلسہ کو معمولی انسانی جلسوں کی طرح خیال نہ کریں۔ یہ وہ امر ہے جس کی خالص تائید حق اور اعلائے کلمۂ اسلام پر بنیاد ہے۔ اس سلسلہ کی بنیادی اینٹ خدا تعالےٰ نے اپنے ہاتھ سے رکھی ہے۔ اور اس کے لئے قومیں تیار کی ہیں۔ جو عنقریب اس میں آملیں گی۔ کیونکہ یہ اس قادر کا فعل ہے جس کے آگے کوئی بات انہونی نہیں۔"

ان الفاظ میں "فتح اسلام" کی عظیم الشان پیشگوئی ہے۔ اور ان سے احمدیت کی حقیقت پر بھی روشنی پڑتی ہے۔ سو اس سے ہر دوست سمجھ سکتا ہے۔ کہ اس کے کیا فرائض ہیں اور جلسہ سالانہ میں اس کی شمولیت کیا اہمیت رکھتی ہے۔ آخر میں ہم شمولیت کرنے والوں کے لئے دعا کرتے ہیں۔ جو سیدنا حضرت مسیح موعود علیہ السلام نے اس اشتہار میں کی ہے۔ اور جو یہ ہے۔

"ہر ایک صاحب جو اس للّٰہی جلسہ کے لئے سفر اختیار کریں خدا تعالےٰ ان کے ساتھ ہو اور ان کو اجرِ عظیم بخشے اور ان پر رحم کرے اور ان کی مشکلات اور اضطراب کے حالات ان پر آسان کر دیوے اور ان کے ہم و غم دُور فرماوے اور ان کو ہر ایک تکلیف سے مخلصی عنایت کرے اور ان کی مرادات کی منگیں ان پر کھول دے اور روز آخر میں اپنے ان بندوں کے ساتھ اٹھاوے جن پر اس کا فضل اور رحم ہے اور تا اختتام سفر ان کے بعد ان کا خلیفہ ہو۔ اے خدائے ذوالمجد والعطا اور رحیم اور مشکل کشا یہ تمام دعائیں قبول کر اور ہمیں ہمارے مخالفوں پر روشن نشانوں کے ساتھ غلبہ عطا فرما کہ ہر ایک قوت اور طاقت تجھ ہی کو حاصل ہے۔ آمین ثم آمین"

(اشتہار دسمبر ۱۸۹۲ء)

28

جلسہ سالانہ کے انتظامات کا تعارف

(محترم جناب سید داؤد احمد صاحب افسر جلسہ سالانہ)

دسمبر ۱۸۹۱ء میں حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام بانیٔ سلسلہ احمدیہ نے خدا تعالیٰ کے حکم اور منشاء کے مطابق جماعت احمدیہ کے پہلے جلسہ سالانہ کے انعقاد کا اعلان فرمایا۔ اس سال شامل ہونے والوں کی تعداد صرف ۷۵ تھی۔ اس کے بعد ہر سال یہ جلسہ قادیان میں منعقد ہوتا رہا اور اس میں شامل ہونے والوں کی تعداد میں بھی ہر سال اضافہ ہوتا چلا گیا۔ تقسیم ملک کے بعد جماعت احمدیہ کے نئے مرکز ربوہ میں اپریل ۱۹۴۹ء میں پہلی مرتبہ جلسہ سالانہ کا انعقاد ہوا اور اس کے بعد سے ہر سال ہوتا ہے اور اس جلسہ میں شامل ہونیوالوں کی تعداد میں سال بہ سال معتد بہ اضافہ ہو رہا ہے اور انشاء اللہ آئندہ بھی ہوتا رہے گا۔ جیسا کہ حضرت مسیح موعود علیہ السلام کے اس الہام میں وعدہ فرمایا گیا ہے۔

انی حامل کل قوم یاتونک جنباً وانی انزلت مکانک تنزیلا من اللہ العزیز الرحیم۔

(اربعین نمبر ۳ صفحہ ۳۳)

یعنی میں ہر قوم میں سے گروہ کے گروہ تیری طرف بھیجوں گا۔ میں نے تیرے مکان کو روشن کیا۔ یہ اس خدا کا کلام ہے جو عزیز و رحیم ہے۔

جلسہ سالانہ کے اغراض و مقاصد

جلسہ سالانہ کا اجراء حضرت مسیح موعود علیہ السلام نے خالصۃً تعلیمی و تربیتی اور تبلیغی مقاصد کے مدنظر فرمایا ہے تاکہ ہر سال جماعت کے افراد اپنے مرکز میں جمع ہو کر اپنے دینی بھائیوں سے تعارف حاصل کریں اور محبت کے تعلقات استوار کریں اور یک جہتی اور اتحاد اور تنظیم کا مظاہرہ کریں ربانی باتوں کو سنیں اور دین کا علم سیکھیں جس کے ذریعہ وہ اپنے مالک و آقا کے اور قریب ہو سکیں۔ اور اپنے امام اور مرکز سے بھی اپنے روحانی اور جذباتی تعلق اور وابستگی کو مضبوط کریں اور اس چشمۂ فیض سے جو خدا کے مسیح نے خدائی حکم اور منشاء کے مطابق جاری فرمایا ہے سیراب ہوں۔

حضرت مسیح موعود علیہ السلام فرماتے ہیں:۔

"اس جلسہ کی بڑی غرض یہ بھی ہے تاکہ ہر مخلص کو بالمواجہ دینی فائدہ اٹھانے کا موقعہ ملے اور ان کے معلومات دینی وسیع ہوں اور معرفت ترقی پذیر ہو۔"

نیز فرماتے ہیں:۔

"صرف طلب علم اور مشورہ امداد اسلام اور ملاقات اخوان کے لئے یہ جلسہ تجویز کیا گیا ہے۔"

(اشتہار دسمبر ۱۸۹۲ء)

پھر فرمایا:۔

"ایک عارضی فائدہ ان جلسوں کا یہ بھی ہوگا کہ ہر ایک سال میں جس قدر نئے بھائی اس جماعت میں داخل ہوں گے وہ تاریخ مقررہ پر حاضر ہو کر اپنے پہلے بھائیوں کا منہ دیکھ لیں گے اور روشناس ہو کر آپس میں رشتہ تودد و تعارف ترقی پذیر ہوگا۔"

(ٹائیٹل پیج نشان آسمانی)

نیز فرمایا:۔

"اس جلسہ میں ایسے حقائق و معارف کے سنانے کا شغل رہے گا جو ایمان اور یقین اور معرفت کو ترقی دینے کے لئے ضروری ہیں اور نیز ان دوستوں کے لئے خاص دعائیں اور خاص توجہ ہوگی اور حتی الوسع بدرگاہ ارحم الراحمین کوشش کی جائے گی کہ خدا تعالیٰ اپنی طرف ان کو کھینچے اور اپنے لئے قبول کرے اور پاک تبدیلی ان میں بخشے۔" (آسمانی فیصلہ)

پھر اس کی عظمت و اہمیت کی وجہ سے مزید تاکید کرتے ہوئے فرمایا:۔

"اور مکرر لکھا جاتا ہے کہ اس جلسہ کو معمولی انسانی جلسوں کی طرح خیال نہ کریں۔ یہ وہ امر ہے جس کی خالص تائید حق اور اعلائے کلمۂ اسلام پر بنیاد ہے۔ اس سلسلہ کی بنیادی اینٹ خدا تعالیٰ نے اپنے ہاتھ سے رکھی ہے اور اس کے لئے قومیں تیار کی ہیں جو عنقریب اس میں آملیں گی کیونکہ یہ اس قادر کا فعل ہے جس کے آگے کوئی بات انہونی نہیں۔"

(اشتہار دسمبر ۱۸۹۳ء)

پس جلسہ سالانہ پر آنے والے احباب کو ان اغراض کو پیش نظر رکھنا چاہیئے جو حضرت مسیح موعود علیہ السلام نے تحریر فرمائی ہیں۔

جلسہ سالانہ کا انتظام:۔ جلسہ سالانہ کا انتظام دو حصوں پر منقسم ہے۔ جلسہ کی اصل کارروائی تقاریر کا انتظام اور جلسہ گاہ کے جملہ انتظامات جناب ناظر صاحب اصلاح و ارشاد فرماتے ہیں۔ اور جلسہ کے موقعہ پر تشریف لانے والے مہمانوں کے استقبال قیام و طعام اور جملہ دیگر ضروریات کے پورا کرنے کی ذمہ داری افسر جلسہ سالانہ کے فرائض میں شامل ہے۔ ان ہر دو حصوں کی نگرانی خود حضرت خلیفۃ المسیح ایدہ اللہ فرماتے ہیں۔

افسر جلسہ سالانہ کے ماتحت تقسیم کار

مقام دفتر۔ جلسہ سالانہ کا اپنا مرکزی دفتر ہے۔

فون نمبر ۶۲

افسر جلسہ سالانہ کے ماتحت جلسہ کا کام مختلف شعبوں میں منقسم ہے۔ ان شعبہ جات کے ناظمین اور منتظمین افسر جلسہ کی ہدایت کے مطابق تمام کام سرانجام دیتے ہیں۔ اس سال جلسہ سالانہ کے جملہ انتظامات سرانجام دینے کے لئے خاکسار کو مقرر کیا گیا ہے (وبیدہ الفضل) خاکسار کے نائبین کے طور پر اس سال مندرجہ ذیل احباب کام کریں گے:۔

(۱) حضرت قاضی محمد عبداللہ صاحب بھٹی۔
(۲) محترم مرزا منصور احمد صاحب
(۳) " چوہدری ظہور احمد صاحب باجوہ
(۴) " پروفیسر محمد ابراہیم صاحب ناصر
(۵) " صوفی بشارت الرحمٰن صاحب
(۶) " سید محمود احمد صاحب ناصر

مکرم سید محمود احمد صاحب ناصر کے ذمہ یہ فرض ہے۔ وہ تمام قیام گاہوں اور دیگر شعبہ جات کا جائزہ لیتے رہیں اور جہاں کہیں نقص دیکھیں موقع پر ہدایات دیکر اس نقص کو دور کروانے کی کوشش کریں۔

نظامت سپلائی و سٹور پختہ سامان ناظم چوہدری حمید اللہ صاحب۔ مقام مرکزی دفاتر جلسہ سالانہ واقع میدان متصل دفتر انصار اللہ۔ اس شعبہ کے فرائض میں تمام اجناس اور جلسہ سالانہ کے سلسلہ میں پیش آنے والی تمام دیگر اشیاء کی فراہمی ہے۔

نظامت سٹور و اجناس۔ ناظم حبیب اللہ خان صاحب۔ مقام دفتر۔ مرکزی دفاتر جلسہ سالانہ۔ اس شعبہ کے ذمہ تمام لنگروں میں اجناس وغیرہ کی تقسیم اور حسب ضرورت و ہدایت تمام اشیاء کا پہنچانا ہوتا ہے۔

نظامت طبی امداد:۔ ناظم محترم ڈاکٹر مرزا منور احمد صاحب۔ مقام دفتر فضل عمر ہسپتال ربوہ۔ (فون نمبر ۶۱)

جلسہ کے موقع پر ہر قسم کی طبی امداد کا انتظام کرنا اسی شعبہ کے سپرد ہے۔

نظامت محنت:۔ ناظم۔ مرزا غلام احمد صاحب ایم۔ اے

مقام دفتر:۔ مرکزی دفاتر جلسہ سالانہ۔

اس کے فرائض میں جلسہ سالانہ کے انتظام کے لئے جملہ شعبہ جات کو تنخواہ اور عملہ مہیا کرنا اور ہر قسم کے کارکنوں سے ٹھیکہ جات کرنا ہے۔

انسپکشن قاضی محمد اسلم صاحب۔ مرزا رفیع احمد صاحب۔

اس شعبہ کے فرائض میں یہ امور شامل ہیں جلسہ سالانہ کے مختلف شعبہ جات کا معائنہ کرنا انتظامات میں کسی نقص یا کمی کی صورت میں افسر جلسہ کو مطلع کرنا تاکہ بروقت اس کی اصلاح کی جا سکے۔

نظامت مکانات:۔ ناظم پروفیسر نصیر احمد خان صاحب ایم۔ ایس سی۔ مقام دفتر۔ مرکزی دفاتر واقع میدان متصل مرکزی دفاتر۔

اس شعبہ کے فرائض میں جلسہ سالانہ پر تشریف لانے والے مہمانوں کی رہائش کا انتظام کرنا شامل ہے۔ اس شعبہ کے کام کی نزاکت اور اہمیت کے پیش نظر احباب ربوہ کو خاص طور پر اس امر کی طرف توجہ دلانا چاہتا ہوں کہ وہ جلسہ سالانہ پر تشریف لانیوالے مہمانوں کے لئے جو دراصل حضرت مسیح موعود علیہ السلام کے ہی مہمان ہیں اپنے مکانات پیش کریں۔ اس سلسلہ میں ہمارے پیارے امام حضرت امیر المومنین خلیفۃ المسیح الثانی رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں:۔

"میں مقامی جماعت کے دوستوں کو اس طرف توجہ دلاتا ہوں کہ وہ آنے والے مہمانوں کے لئے اپنے مکانات پیش کریں ورنہ اگر جلسہ سالانہ پر آنے والے مہمانوں کے رہنے کے لئے کوئی گنجائش نہ نکلی تو جلسہ کا ہونا یا نہ ہونا برابر ہو جائے گا۔ پس ربوہ والوں کو یاد رکھنا چاہیئے کہ جہاں یہ جلسہ ساری جماعت کا ہے وہاں وہ خاص طور پر اس موقعہ پر میزبان کی حیثیت رکھتے ہیں۔"

پھر فرماتے ہیں:۔

"ہمیں مہمانوں کو ٹھہرانے کے لئے اپنی قربانی پیش کرنی چاہیئے۔ اگر ہمیں اس سلسلہ میں تکلیف بھی اٹھانی پڑے تو اس سے دریغ نہیں کرنا چاہیئے۔ آخر جلسہ سالانہ پر آنے والے بھی اپنے مکانات اور رشتہ دار چھوڑ کر آتے ہیں ..... تمہیں تو خود

اپنی ذمہ داریوں کا احساس ہونا چاہیئے۔ تمہارے سامنے مہمانوں کی کثرت ہوتی ہے۔ تمہارے سامنے ان کی پراگندگی ہوتی ہے اور تمہارے سامنے ان کی مصیبت اور قربانی ہوتی ہے۔ تمہیں خود ان باتوں کا احساس ہونا چاہیئے۔ (الفضل مورخہ ۹ دسمبر ۶۷ء)

اس ضمن میں آنیوالے مہمانوں کی خدمت میں بھی گزارش کروں گا کہ وہ حتی الوسع جماعتوں کے ساتھ آئیں اور اجتماعی قیام گاہوں میں رہائش رکھیں اور اس بارہ میں احباب جماعت حضرت خلیفۃ المسیح الثانی رضی اللہ عنہ کی اس نصیحت کو بھی اپنے پیش نظر رکھیں۔ حضورؓ فرماتے ہیں:۔

"میں آنیوالوں سے بھی کہتا ہوں کہ وہ اکٹھے رہیں اور علیحدہ علیحدہ ٹھہر کر کارکنوں کے لئے مشکلات پیدا کرنے کا موجب نہ ہوں"

ہمارے پاس چار پانچ سو خطوط علیحدہ کمروں کے لئے آتے ہیں بلکہ بعض احباب تو پورا مکان مانگتے ہیں لیکن گنجائش قریباً ۵۰ کمروں کی ہوتی ہے اسلئے بعض احباب سے تو مجبوراً معذرت کرنی پڑتی ہے جماعتوں کی قیام گاہ کا نقشہ الفضل میں شائع ہو چکا ہے۔ امراء صاحبان سے درخواست ہے کہ وہ اس کے مطابق احباب کو اطلاع کر دیں۔ اس دفعہ جگہ کشادہ کر دی گئی ہے امید ہے کہ احباب کو کشادہ جگہ ملے گی۔

نظامت معلومات و فوری امداد

ناظم محمد احمد صاحب انور ایم۔ اے

مقام دفتر الاطلاع صدر انجمن احمدیہ فون نمبر ۵۰

اس شعبہ کے فرائض میں جلسہ سالانہ کے موقع پر تشریف لانے والے احباب کو جلسہ کے متعلق ہر قسم کی معلومات مہیا کرنا گم شدہ اشیاء کی بازیابی اور ان کا اصل مالکوں تک پہنچانا اور ہر قسم کی فوری امداد شامل ہے۔

اس ضمن میں باہر سے آنیوالے احباب کی خدمت میں گزارش کروں گا کہ وہ ان ایام میں اپنی گمشدہ اشیاء کا اندراج اس دفتر میں کرائیں اور اپنا مکمل پتہ بھی نوٹ کروا دیں۔ نیز یہ بھی گزارش ہے کہ ان ایام میں اگر انہیں کوئی گری پڑی چیز ملے تو وہ اس دفتر میں باحفاظت رسید جمع کروا دیں تاکہ انہیں ان کے اصل مالکوں تک پہنچانے کا انتظام کیا جا سکے۔

بچوں کے ضمن میں یہ امر خاص طور پر مدنظر رکھیں کہ انہیں کوئی چیز از قسم زیورات خواہ مصنوعی ہی کیوں نہ ہوں نہ پہنائی جائے اور اس امر کی کوشش کریں کہ ان ایام میں انہیں اپنی نظروں سے ہرگز اوجھل نہ ہونے دیں اور بچہ اپنے والدین کا نام اور پتہ نہ بتا سکتا ہو اس کا نام اور والد کا نام مع مکمل پتہ کے تحریر کر کے اس کے بازو پر باندھ دیں یا پھر گلے میں ڈال دیں۔

انتظام کسیر

منتظم مسیح اصاحب سیال

اس شعبہ کے سپرد جلسہ سالانہ کے مہمانوں کی رہائش گاہوں کے لئے پرالی کی فراہمی اور اسکی تقسیم کا کام ہے۔ گھروں میں ٹھہرنے والے مہمانوں کے لئے انتظام کسیر کی طرف سے صدران محلہ جات کو پرالی بھجوائی جا چکی ہے۔ آنے والے مہمان یا میزبان حضرات ان سے حاصل کر سکتے ہیں۔

نظامت استقبال والوداع (ریلوے سٹیشن)

ناظم پروفیسر عبد الرشید صاحب غنی

نظامت استقبال والوداع (اڈہ لاری)

ناظم حمید احمد خالد صاحب

مقام دفتر (۱) ریلوے سٹیشن (۲) اڈہ لاری

اس دفعہ اس نظامت کو دو حصوں میں تقسیم کر دیا گیا ہے اور ان دونوں حصوں کے لئے علیحدہ ناظم ہوں گے۔ ایک نظامت ریلوے سٹیشن پر مسافروں کی خدمت کے لئے کام کریگی اور دوسری بس کے اڈہ پر۔

اس نظامت کے کارکنان کے فرائض میں جلسہ سالانہ پر تشریف لانے والے احباب کا خیر مقدم کرنا اور جلسہ کے اختتام پر انہیں الوداع کہنا نیز اسپیشل گاڑیوں کے سلسلہ میں جملہ معلومات سے قبل از وقت احباب جماعت کو اطلاع دینا شامل ہے۔

احباب کو چاہیئے کہ وہ ریلوے اسٹیشن پر یا بسوں کے اڈہ پر اترتے ہی اس نظامت کے کارکنوں سے رابطہ پیدا کر کے اپنی قیام گاہوں کا تفصیلی علم حاصل کریں اور اپنا سامان صرف اور صرف نظامت استقبال والوداع کے منظور شدہ قلیوں ہی سے اٹھوائیں اور انہیں اجرت مقررہ سے زائد اس پر نظامت کی طرف سے شائع کردہ اجرت نامہ کو مدنظر رکھیں جو ہر قلی کے پاس موجود ہوگا۔ دوست اس امر کی ہرگز نہ پرواہ کریں کہ اپنا سامان اٹھوانے سے قبل سامان اٹھانے والے قلی کا اجر طے کر لیں۔ اس جگہ میں ان کمپنیوں سے جو بسوں میں مسافروں کو ربوہ لاتی ہیں درخواست کروں گا کہ وہ اس شعبہ کی ہدایت کی پابندی کریں۔ اس دفعہ حسب فیصلہ گزشتہ سال سب بسیں پختہ سڑک کے پار کھڑی ہوں گی اور وہاں ہی سے مسافروں کو سوار کرائیں گی۔

نظامت حاضری و نگرانی معاونین

ناظم چوہدری محمد علی صاحب

دفتر۔ مرکزی دفاتر۔

اس شعبہ کا یہ فرض ہے کہ غیر حاضر معاونین کو فوری طور پر ان کی ڈیوٹی کی جگہ پر حاضر کریں تمام شعبہ جات جن کا کوئی معاون غیر حاضر ہو وہ فوراً اس نظامت کو اطلاع کریں۔

انتظام صفائی

نام منتظم۔ منیر احمد صاحب عارف

دفتر۔ مرکزی دفاتر۔

تمام قیام گاہوں کے لئے بیوت الخلاء کی تعمیر اور ان کی ہر وقت صفائی۔ اور اسیطرح ربوہ کی عمومی صفائی کا انتظام اس شعبہ کے سپرد ہے مختلف قیام گاہوں میں عارضی بیوت الخلاء تعمیر کئے جا رہے ہیں ربوہ کے احباب سے گزارش ہے کہ وہ انہیں استعمال نہ کریں بلکہ جلسہ کے مہمانوں کے لئے صاف ستھرے رہنے دیں۔

انتظام تعمیرات

منتظم۔ خواجہ عبید اللہ صاحب

دفتر۔ مرکزی دفاتر

جلسہ سالانہ کے انتظامات سے متعلق ہر قسم کی تعمیر کا کام اس شعبہ کے ذریعہ کیا جاتا ہے۔

انتظام لکڑی

منتظم:۔ سلطان محمود صاحب انور

لنگروں کو اور مہمان نوازوں کو ہر وقت لکڑی مہیا کرنا اور اس کا ریکارڈ رکھنا اس شعبہ کے سپرد ہے۔ کوئلہ نہ ملنے کی وجہ سے امسال کھانا پکانے کے لئے صرف لکڑی استعمال کی جا رہی ہے۔ گزشتہ سال کے کامیاب تجربہ کی بناء پر لنگروں میں محدود پیمانہ پر دیگ پکانے کے لئے تیل کی بھٹیاں بھی تیار کی گئی ہیں۔

انتظام بازار

منتظم:۔ عبد الرزاق صاحب

دفتر۔ واقع مرکزی دفاتر جلسہ سالانہ

کسی شخص کو بغیر اجازت افسر جلسہ کے دکان لگانے کی اجازت نہیں ہوتی۔ جو شخص دکان لگانا چاہیں وہ تفصیلی درخواست نظارت امور عامہ کی سفارش سے دفتر جلسہ کو بھجوا دیں اور مطبوعہ اجازت نامہ حاصل کر لیں ورنہ اسکے بغیر ان کو دکان کھولنے کی اجازت نہ ہوگی۔

ربوہ کے دکانداروں کو بھی جو زائد دکان لگانا چاہیں ان کو اجازت لینی پڑے گی۔ دکان لگانے والوں سے شرائط کی پابندی سختی سے کروائی جاتی ہے۔ اوقات کے لحاظ سے بھی اور نرخ کے لحاظ سے بھی۔ اور خلاف ورزی کرنے والوں کا اجازت نامہ منسوخ کر کے دکان بند کروا دی جاتی ہے۔ دکانداروں کو چاہیئے کہ وہ اس جذبہ سے دکان لگائیں کہ وہ حضرت مسیح موعود علیہ السلام کے مہمانوں کی خدمت بجا لا رہے ہیں اور مالی منافع ایک زائد فضل ہے۔

انتظام آب رسانی

منتظم:۔ عبد الشکور صاحب آسلم

مقام دفتر۔ مرکزی دفاتر جلسہ سالانہ

جملہ قیام گاہوں اور لنگر خانوں میں پانی کی فراہمی کا انتظام اس شعبہ کے سپرد ہے چونکہ گھڑے گم ہو جاتے اور ٹوٹ جاتے ہیں اس لئے تمام گاہوں میں پینے کے پانی کے لئے ڈرم تیار کئے گئے ہیں جن میں بہت سا پانی جمع کیا جا سکتا ہے۔

امسال یہ انتظام بھی کیا گیا ہے کہ لنگر خانوں اور قیام گاہوں میں پانی پہنچانے کے لئے ٹینکر استعمال کئے جائیں۔ فالتو وقت میں وہ ٹینکر سڑکوں پر چھڑکاؤ کا کام بھی کریں گے۔

انتظام روشنی

منتظم:۔ مبارک مصلح الدین صاحب

دفتر:۔ مرکزی دفاتر جلسہ سالانہ

تمام قیام گاہوں۔ راستوں اور لنگر خانوں میں روشنی کا انتظام اس شعبہ کے سپرد ہے۔

نظامت اجرائے پرچی خوراک

ناظم:۔ مولوی ابو المنیر نور الحق صاحب۔

مقام دفتر۔ مرکزی دفاتر جلسہ سالانہ۔

اس نظامت کے تحت مہمانوں کو کھانا کھانے کی مطلوبہ تعداد کے مطابق پرچی خوراک جاری کی جاتی ہے۔

مراکز لنگر خانوں کے متصل قائم کئے گئے ہیں۔ کھانا لینے والے تمام احباب اپنے اپنے محلوں سے مقرر کردہ مصدقین کی تصدیق کے بعد اجتماعی مراکز سے پرچی خوراک حاصل کر سکتے ہیں اور پھر اس پرچی پر لنگر خانوں سے کھانا مل سکے گا۔ اسیطرح پر ہیزی کھانے کی پرچی بھی حسب سابق مرکزی دفتر اجرائے پرچی واقع مرکزی دفاتر سے جاری ہوگی۔ مصدقین اپنے اپنے محلہ میں ہی تصدیق کریں گے۔

نظامت تصدیق پرچی خوراک

ناظم:۔ مولوی محمد صدیق صاحب ایم۔ اے صدر عمومی۔

مقام دفتر مرکزی دفاتر جلسہ سالانہ

اس شعبہ کے زیر اہتمام ربوہ کے تمام محلہ جات میں مصدقین کا تقرر کیا گیا ہے کھانا لینے والے احباب صدران محلہ سے تصدیقی فارم حاصل کر کے اپنے مصدق صاحب سے اسے تصدیق کرائیں گے۔ تصدیق کرانے کے بعد لنگر خانوں سے متصل مراکز اجرائے پرچی خوراک سے کھانے کی پرچی حاصل کر سکیں گے۔

نظامت نگرانی اجراء و تصدیق پرچی خوراک

دفتر۔ واقع مرکزی دفاتر

ناظم مکرم چوہدری ظہور احمد صاحب آڈیٹر۔

امسال یہ شعبہ پہلی بار اس غرض سے قائم کیا گیا ہے کہ تصدیق پرچی اور اجرائے پرچی کے کام کی نگرانی ہو سکے۔ تاکہ اس سلسلے میں مہمانوں کی مشکلات دور کی جا سکیں۔ ان دونوں شعبوں کے متعلق اگر مہمانوں کو کوئی شکایت ہو یا مشکل پیش آئے تو نظامت نگرانی و تصدیق پرچی سے رابطہ پیدا کریں۔ اس نظامت کے فرائض میں یہ بھی شامل ہے کہ تصدیق پرچی اور اجراء پرچی کی بے قاعدگیوں کی رپورٹ ساتھ کے ساتھ افسر جلسہ کو کرتے رہیں۔

نظامت مہمان نوازی

حلقہ

دار الصدر و دار الرحمت

ناظم:۔ مرزا طاہر احمد صاحب

مقام دفتر۔ دار الضیافت جدید

فون نمبر ۷۹

نظامت مہمان نوازی (حلقہ دارالعلوم)

ناظم۔ ڈاکٹر سلطان محمود صاحب شاہد۔

مقام دفتر: دفتر تعلیم الاسلام کالج فون نمبر ۶۵

اس نظامت کے ذمہ ہیں اپنے حلقہ کے مہمانوں کے قیام وطعام اور دیگر جملہ ضروریات کا انتظام اور ان کی سہولت اور آرام کے سامان فراہم کرنا شامل ہے۔

تمام قیام گاہوں میں اس نظامت کی طرف سے مہمان نواز مقرر کئے جاتے ہیں جن کا فرض ہے کہ وہ اپنے اپنے حلقہ میں مہمانوں کی حتی المقدور خدمت کریں اور ان کو ہر سہولت اور آرام پہنچائیں ان کے سامان کی حفاظت کریں اور اس طرح ان کی جملہ ضروریات پوری کرنے کی کوشش کریں۔ مہمانوں سے درخواست ہے کہ وہ اپنی پیش آمدہ مشکلات سے مہمان نواز کو مطلع کریں تاکہ وہ ان کے ازالہ کے لئے کوشش کر سکے۔

اس ضمن میں میں اس شعبہ کے کارکنان کی خدمت میں گزارش کروں گا کہ جلسہ پر آنے والے مہمانوں کو جو دراصل حضرت مسیح موعود علیہ السلام کے مہمان ہیں کسی قسم کی تکلیف نہ ہونے دیں۔ اور ان کی خدمت کرنے میں کسی قسم کی کوتاہی نہ کریں۔

خود حضرت مسیح موعود علیہ السلام نے اس ضمن میں کارکنان کو جو نصائح فرمائی ہیں وہ یاددہانی کیلئے ذیل میں درج کی جاتی ہیں آپ انہیں خوب توجہ اور غور سے پڑھیں حضور علیہ السلام فرماتے ہیں:

"دیکھو بہت سے مہمان آئے ہوئے ہیں۔ ان میں سے بعض کو تم شناخت کرتے ہو اور بعض کو نہیں اسلئے مناسب یہ ہے کہ سب کو واجب الاکرام جان کر تواضع کرو۔ تکلیف کسی کو نہ ہو تم پر میرا حسن ظن ہے کہ مہمانوں کو آرام دیتے ہو ان سب کی خوب خدمت کرو۔"

(ملفوظات حضرت مسیح موعود علیہ السلام جلد ۶ صفحہ ۳۲۶)

نیز فرماتے ہیں:۔

"کسی کے میلے کپڑے وغیرہ دیکھ کر اس کی تواضع سے دست کش نہ ہونا چاہیئے کیونکہ مہمان تو سب یکساں ہی ہوتے ہیں۔ اور جو نئے ناواقف آدمی ہیں تو یہ ہمارا حق ہے کہ ان کی ہر ایک ضرورت کو مدنظر رکھیں بعض وقت کسی کو بیت الخلاء کا پتہ نہیں ہوتا تو اسے سخت تکلیف ہوتی ہے۔ اسلئے ضروری ہے کہ مہمانوں کی ضروریات کا بڑا خیال رکھا جاوے۔ میں اکثر بیمار رہتا ہوں۔ اسلئے معذور ہوں مگر جن لوگوں کو ایسے کاموں کے لئے قائم مقام کیا جاتا ہے یہ ان کا فرض ہے کہ کسی قسم کی شکایت نہ ہونے دیں۔ کیونکہ لوگ صدہا اور ہزارہا کوس کا سفر طے کر کے صدق اور اخلاص کے ساتھ تحقیق حق کے واسطے آتے ہیں پھر اگر ان کو یہاں تکلیف پہنچے تو ممکن ہے کہ رنج پہنچے اور رنج پہنچنے سے اعتراض بھی پیدا ہوتے ہیں اسی طرح سے ابتلاء کا موجب ہوتا ہے اور پھر گناہ میزبان کے ذمہ ہوتا ہے۔"

(ملفوظات جلد ۷ صفحہ ۲۲۶)

"میرا ہمیشہ خیال رہتا ہے کہ کسی مہمان کو تکلیف نہ ہو۔ بلکہ اس کے لئے ہمیشہ تاکید کرتا رہتا ہوں کہ جہاں تک ہو سکے مہمانوں کو آرام دیا جاوے مہمان کا دل مثل آئینہ کے نازک ہوتا ہے اور ذرا سی ٹھیس لگنے سے ٹوٹ جاتا ہے اس سے پیشتر میں نے یہ انتظام کیا ہوا تھا کہ خود بھی مہمانوں کے ساتھ کھانا کھاتا تھا مگر جب سے بیماری نے ترقی کی اور پرہیزی کھانا کھانا پڑا تو پھر وہ التزام نہ رہا۔ ساتھ ہی مہمانوں کی کثرت اس قدر ہو گئی کہ جگہ کافی نہ ہوتی تھی۔ اس لئے مجبوری سے علیحدگی ہو گئی۔"

(ملفوظات جلد ۷ صفحہ ۲۲۶)

پس تمام کارکنان اس امر کو اپنے مدنظر رکھیں کہ وہ حضور علیہ السلام کی قائمقامی میں حضور کے مہمانوں کے لئے مقرر ہیں اور یہ امر تقاضا کرتا ہے کہ حضرت اقدس مسیح موعود علیہ السلام کے مہمانوں کی خاطر و مدارت اور خدمت تواضع اس طرح بلکہ اس سے بھی بڑھ کر کریں جس طرح کہ وہ اپنے ذاتی مہمانوں کی کرتے ہیں۔ جلسہ سالانہ پر تشریف لانیوالے مہمان اور جلسے کے کارکنان اس ضمن میں الفضل کے پرچوں میں دوسری جگہ پر حضرت خلیفۃ المسیح الثالث ایدہ اللہ بنصرہ العزیز کے ارشادات کو بھی غور سے پڑھیں اور اس امر کی بھی پوری کوشش فرمائیں کہ کھانا ضائع نہ ہو

اس سال اس نظامت کی طرف سے تمام قیامگاہوں میں ٹھہرنے والے احباب کی سہولت کے لئے یہ انتظام کیا گیا ہے کہ ہر مہمان کو جو اس رہائش گاہ میں قیام فرمائیں گے۔ مہمان نواز کی طرف سے ایک کارڈ دیا جائے گا جو اس بات کی نشانی ہوگی کہ کون مہمان کہاں ٹھہرا ہے اس طرح مہمانوں اور میزبانوں کے تعارف میں آسانی ہو جائے گی۔

مہمان احباب سے گذارش ہے کہ وہ یہ کارڈ ہر وقت اپنے ہمراہ رکھیں اور مہمان نواز کی درخواست پر مہمان نواز کو دکھائیں۔

اسی طرح جب سال گذشتہ ایک اور انتظام جو فی الحال صرف دو قیامگاہوں تک محدود ہے۔ یہ کیا گیا ہے کہ قیام گاہ تعلیم الاسلام کالج میں ٹھہرنے والے مہمانوں کے لئے کالج کے ہال میں اجتماعی طور پر کھانا کھلانے کا بندوبست کیا جا رہا ہے۔ ان ہر دو قیام گاہوں کے مہمان تعلیم الاسلام کالج کے ہال میں مقررہ اوقات پر کھانا تناول فرماویں گے۔ ایک وقت میں اندازاً ۱۵۰۰ احباب کھانا کھا سکیں گے اور کھانے کے اوقات ۵ بجے شام سے ۹ بجے رات تک ہوں گے اس عرصہ میں احباب باری باری کھانا کھائیں گے ان شاء اللہ تعالیٰ یہ انتظام بھی کیا جائے گا کہ مہمانوں کو ہر وقت کھانا مل سکے مقررہ اوقات صرف سہولت کے لئے مقرر کئے گئے ہیں۔

انتظام گوشت

انتظام گوشت۔ منتظم منشی عبدالغنی صاحب اس شعبہ کے سپرد لنگر خانوں کو گوشت مہیا کرنے کا کام ہے۔

ان مرکزی شعبہ جات کے علاوہ کھانا تیار کرنے کے لئے تین لنگر جاری کئے جاتے ہیں۔ ان ہر سہ لنگروں کے علاوہ بیمار اور عمر رسیدہ احباب کے پرہیزی کھانے کے انتظام کے لئے بھی ایک لنگر جاری کیا جاتا ہے جو منفصل دفتر انصار اللہ ہوگا

نظامت دارالصدر۔ لنگر خانہ نمبر ۱ فون ۴۵

اس لنگر خانہ کے ناظم محترم خواجہ رشید احمد صاحب نائب مرزا حفیظ احمد صاحب اور محمد شفیع صاحب اشرف ہوں گے۔ یہ لنگر خانہ ریلوے سٹیشن کے بالمقابل واقع ہے۔ اس لنگر خانہ سے حلقہ دارالصدر کے احباب کھانا حاصل کر سکیں گے۔

نظامت دارالرحمت

لنگر خانہ نمبر ۲ فون نمبر ۴۹

اس لنگر خانہ کے ناظم محترم سید مسعود احمد صاحب ہوں گے۔ ان کے نائب مولوی محمد احمد صاحب ثاقب ہوں گے۔ یہ لنگر خانہ غلہ منڈی میں مسجد کے قریب واقع ہے اس لنگر خانہ سے حلقہ دارالرحمت اور دارالبرکات کے احباب کو کھانا مہیا کیا جائے گا۔

نظامت دارالعلوم

لنگر خانہ نمبر ۳ فون نمبر ۶۱

اس لنگر خانہ کے ناظم محترم مرزا انس احمد صاحب ہوں گے۔ ان کے نائب مسعود احمد صاحب عاطف ہوں گے یہ لنگر خانہ بورڈنگ ہاؤس تعلیم الاسلام ہائی سکول کے بالمقابل واقع ہے اس لنگر خانہ سے دارالعلوم۔ دارالیمن۔ باب الابواب اور دارالنصر کے احباب کھانا حاصل کر سکیں گے۔

انتظام پرہیزی:۔

منتظم:۔ محمد اسلم صاحب ایم اے ہوں گے یہ لنگر خانہ منفصل دفتر انصار اللہ کھولا گیا ہے۔

پرہیزی کھانے کے سلسلہ میں مہمانوں سے گذارش ہے کہ اس لنگر خانہ سے بیمار حضرات کے لئے کھانا جاری کیا جاتا ہے اسلئے صرف ایسے احباب ہی اس لنگر خانہ سے فائدہ اٹھا سکیں گے۔ دیگر احباب کی خدمت میں گذارش ہے کہ وہ کھانے کے سلسلہ میں دوسرے لنگروں کی طرف رجوع کریں۔ پرہیزی کھانے کے لئے تصدیق اسی طرح سے ہوتی ہے جس طریق سے دوسرے کھانے کے لئے ہوتی ہے۔ البتہ پرچی خرچ مرکزی دفتر اجراء پرچی سے جاری ہوگی جو مرکزی دفاتر میں واقع ہوگا۔

نظامت بیرون مہمان نوازی مستورات

ناظم: پروفیسر مبارک احمد صاحب انصاری ہوں گے۔ مقام دفتر گیٹ دفتر لجنہ اماء اللہ فون نمبر ۳۳

اس نظامت کے سپرد مستورات کی اجتماعی قیام گاہوں میں مقرر مستورات کارکنات کے انتظام میں بیرونی ضروریات کو پورا کرنے اور دیگر شعبہ جات مثلاً صفائی۔ آب رسانی۔ روشنی مہمانوں کا سامان لانا لنگر خانہ سے قیام گاہوں میں کھانا پہنچانا سب امور ان کے ذمہ ہوں گے

نظامت اندرون مہمان نوازی مستورات

فون: ۶۰ مستورات کی اجتماعی قیام گاہوں کے انتظام کے لئے ایک علیحدہ نظامت مقرر ہے۔ جس میں مستورات خود تمام انتظام کرتی ہیں۔ ان کی مدد کے لئے مرد کارکنان کا ایک شعبہ بھی جس کا ذکر اوپر کیا گیا ہے قائم ہے یہ شعبہ حضرت سیدہ ام متین صاحبہ کی زیر نگرانی کام کرتا ہے اس شعبہ کی ناظمہ سیدہ نصیرہ بیگم۔ بیگم حضرت مرزا عزیز احمد صاحب اور نائب ناظمہ ثانی حمیدہ صابرہ صاحبہ ہیں یہ شعبہ مہمان مستورات کی جملہ ضروریات مثلاً رہائش۔ کھانا۔ آب رسانی۔ صفائی۔ طبی امداد وغیرہ مہیا کرتا ہے اور اس سلسلے میں جملہ امور کا انچارج ہوتا ہے۔ ناظمہ صاحبہ کے ماتحت جو کارکنات کام کرتی ہیں۔ ان کا تفصیلی نقشہ علیحدہ شائع ہوتا ہے۔

حرف آخر

خاکسار اپنے جملہ کارکنان کو ہدایت دیتا ہے کہ وہ مقررہ وقت پر اپنے کام پر حاضر ہو جائیں اور ان سے یہ توقع رکھتا ہے کہ پوری تندہی خلوص اور جانفشانی کے ساتھ حضرت مسیح پاک علیہ السلام کے معزز مہمانوں کی خدمت کریں گے۔ اور انہیں ہر قسم کا آرام اور سہولت پہنچانے میں کوئی دقیقہ فروگذاشت نہیں کریں گے۔

سید داؤد احمد

افسر جلسہ سالانہ

ہوالشافی

خدا تعالیٰ آپ کو ہمیشہ تندرست و سلامت رکھے۔ آمین

ڈاکٹر راجہ ہومیو اینڈ کیمک لیبوہ اور کیمو ہومیو میڈیسن کمپنی رجسٹرڈ ۲۵ کرشل بلڈنگ شاہراہ قائداعظم لاہور آپ کے ہر دو ادارے زیر نگرانی ہومیو پیتھک ڈاکٹر راجہ نذیر احمد صاحب ظفر فاضل (بی۔ اے۔ ایل۔ ایل۔ بی) رجسٹرڈ میڈیکل پریکٹیشنر کرانک ڈیزیز سپیشلسٹ (ماہر امراض مزمنہ) قوم کی طبی خدمات کے لئے وقف ہیں۔ جہاں شدید اور پرانی امراض کی مجرب ادویات کے علاوہ، بچگانہ، زنانہ، مردانہ، نیز حیوانات کی مخصوص امراض کے متعلق نہایت کامیاب مجربات (Specifics) تیار کئے جاتے ہیں تفصیلی لٹریچر مفت حاصل کریں۔

خاکسار: عبدالرشید خان منیجر ڈاکٹر راجہ اینڈ کمپنی کو لبازار ربوہ

سردار محمد اسلم خان منیجر کیمو ہومیو میڈیسن کمپنی رجسٹرڈ لاہور

درخواست دعا

اخویم مکرم بابو عبدالحلیم صاحب اسسٹنٹ اکزیکٹو انجینئر صدر تھنگ کی ماہ ستمبر سے بعارضہ درد گردہ بیمار چلے آ رہے ہیں اب ڈاکٹروں کی تشخیص کے مطابق پتھری کا علاج ہو رہا ہے۔ احباب درد دل سے مرحوم کی کامل صحت کے لئے دعا فرماتے رہیں۔

المشتہر: ولاور محلہ دارالیمن ربوہ

نقد و نظر

نغمۂ اکمل

یہ خوبصورت مجلد مکرم قاضی محمد ظہور الدین رضی اللہ عنہ کی ان مشہور و معروف نظموں کا مکمل مجموعہ ہے جو الفضل اور سلسلہ کے دوسرے اخبارات کے صفحات کی زینت بنتی رہی ہیں اور یقین ہے کہ احباب اس مجموعہ سے اپنی لائبریریوں کی زینت بڑھانے کے لئے مضطرب ہوں گے۔ ہم مکرم حمید صاحب ہاشمی کے شکر گزار ہیں کہ انہوں نے اپنے محترم والد کے کلام کو حسین لباس میں ملبوس کر کے محفوظ کر دیا ہے اس دلچسپ بڑی تقطیع کے ۱۵۰ صفحات پر مشتمل حسین مجموعہ کی قیمت صرف ۷/- روپے ہے جو ہماری دانست میں خوبیوں کے مقابلہ میں کم ہے۔ مؤلف اور ربوہ کے تمام کتب فروشوں سے حاصل کریں۔

اسلامی دعائیں

مکرم محمد اجمل صاحب شاہد ایم اے مربی سلسلہ نے نہایت دلآویز صورت میں وہ تمام دعائیں جمع کر دی ہیں جو قرآن کریم احادیث نبوی اور اور کلام مسیح موعود علیہ السلام میں پائی جاتی ہیں۔ اس کتاب کی عرصہ سے ضرورت تھی اور یہ اس قابل ہے کہ ہر احمدی اسے خریدے اور اس میں مندرج دعاؤں کو ورد زبان بنائے دلچسپ قیمت پر ربوہ کے ہر کتب فروش سے حاصل کریں۔

ماہنامہ تحریک جدید

ماہنامہ تحریک جدید کا سفر یورپ نمبر خریدار اصحاب کی خدمت میں ارسال کر دیا گیا ہے اگر آپ کے ذمہ چندہ واجب الادا ہے تو جلسہ سالانہ پر چندہ ادا کر کے آپ اپنا پرچہ دستی لے سکتے ہیں۔ جلسہ گاہ کے قریب ہی پرچے کا سٹال لگایا جا رہا ہے۔

(مینیجنگ ایڈیٹر)

خط لکھتے وقت چٹ نمبر کا حوالہ ضرور لکھا کریں

اب ربوہ میں

ہمارا ایک مستقل دواخانہ بالمقابل ایوان محمود آپ کی خدمت کیلئے ہر وقت کھلا رہتا ہے اپنی طبی ضروریات کے لئے اس سے فائدہ اٹھائیں

میسرز حکیم نظام جان اینڈ سنز گوجرانوالہ

جب کبھی آپ لائلپور میں تشریف لائیں۔ اپنی نوعیت کے واحد معیاری ہوٹل و ریسٹورنٹ موسومہ

سٹیزن

واقع عبانت علی روڈ بالمقابل پولیس گراؤنڈ لائلپور میں قیام فرمائیں۔ جہاں آپ ماحول پرسکون و دلکش۔ سروس بہترین۔ کھانے خوش ذائقہ و دل پسند کمرے کشادہ و آراستہ۔ فلش سسٹم ایئر کنڈیشنڈ اور کار پارکنگ کی سہولت موجود پائیں گے

آئیے۔ اور ہماری خدمات سے مستفید ہوں۔ منیجر

اعلان نکاح

میرے بھائی عزیزم چوہدری لطیف احمد صاحب بھٹہ ایم۔ بی۔ اے ابن چوہدری عبدالحکیم صاحب بھٹہ منیجر آر۔ ایس انڈسٹریل کارپوریشن لمیٹڈ لانڈھی کراچی کا نکاح مبلغ پانچ ہزار روپے حق مہر پر سید محمد میاں صاحب بیگم شاہجہانپوری آف نواب شاہ کی صاحبزادی سیدہ صغریٰ ناز لقی صاحبہ ایم اے بی ایڈ کے ساتھ مکرم مولانا عبدالمالک خاں صاحب مربی سلسلہ عالیہ احمدیہ نے مورخہ ۱۲/۱۰/۶۷ بروز جمعۃ المبارک احمدیہ ہال کراچی میں پڑھا۔ احباب جماعت اس رشتہ کے ہر دو خاندانوں کے لئے بابرکت ہونے کی دعا فرماویں

(حکیم محمد صدیق دواخانہ طب جدید ربوہ)

فضائل القرآن

سیدنا حضرت مصلح الموعود خلیفۃ المسیح الثانی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی جلسہ سالانہ کی چھ تقریروں کا مجموعہ

ہدیہ۔ مجلد فی جلد سات روپے

الناشر: الشرکۃ الاسلامیہ لمیٹڈ گولبازار ربوہ

اعلان گمشدہ

یکم جنوری مطابق ۲۹ رمضان المبارک اختتامی دعا کے موقع پر مسجد مبارک میں کسی معتکف صاحب کے بستر پر فلالین کی ایک چادر سیاہ رنگ کی لکیروں والی رہ گئی ہے۔ براہ کرم جس صاحب کے بستر میں چلی گئی ہو واپس دے کر ممنون فرمائیں

خاکسار: سردار نور احمد مرتضیٰ معلم جامعہ احمدیہ ربوہ

تفہیمات ربانیہ

از قلم ابوالعطاء جالندھری

جس میں مخالف علماء کے جملہ اعتراضات کے مدلل اور مسکت رد کئے گئے ہیں

سیدنا حضرت مصلح موعود رضی اللہ عنہ نے اسے طباعت سے پہلے ملاحظہ فرمایا اور خود اس کا نام تفہیمات ربانیہ تجویز فرمایا اور اسے اعلیٰ لٹریچر قرار دیا

صفحات ۲۵۰ مجلد سفید کاغذ قیمت گیارہ روپے

نہایت محدود تعداد ہے جلسہ پر ضرور خرید فرمائیں

منیجر الفرقان ربوہ

ضروری اعلان

جلسہ سالانہ کے مبارک ایام میں حسب سابق احباب کی سہولت کے لئے دفتر الفضل عارضی طور پر جلسہ گاہ میں منتقل کیا جا رہا ہے جملہ احباب الفضل کے متعلقہ امور کے سلسلہ میں جلسہ کے دوران وہاں تشریف لائیں اور خریداری نمبر بھی اپنے ساتھ ضرور لائیں۔

زیورات کے لئے ہمیشہ ہماری خدمات حاصل کریں۔ میاں عبدالسلام عبدالمنان ناصر پاک جیولرز گولبازار ربوہ

"تاریخ احمدیت" جلد ہشتم کی اشاعت سے سلسلہ احمدیہ کے ابتدائی پچاس سالہ دور کی تاریخ مکمل ہو گئی

سوا سات سو صفحات کی یہ شاندار مجلد تالیف ہر بک سٹال سے مل سکتی ہے۔ ہدیہ صرف گیارہ روپے مجلد (مینجنگ ڈائریکٹر ادارۃ المصنفین ربوہ)

فصل الخطاب

سیدنا حضرت مولانا نور الدین خلیفۃ المسیح اول کی رد عیسائیت پر مبسوط کتاب جو سیدنا حضرت مسیح موعود علیہ السلام سے خراج تحسین حاصل کر چکی ہے

ہدیہ مجلد فی جلد سات روپے علاوہ محصول ڈاک۔

الناشر: الشرکۃ الاسلامیہ لمیٹڈ گولبازار۔ ربوہ

ھو الشافی

سرمہ ہائے دنیا کو چیلنج

سرمہ درویش رجسٹرڈ

دواخانہ درویش قادیان کی فخریہ پیش کش

نسخہ کلاں

حضرت مولانا مولوی حکیم الحاج نور الدین خلیفۃ المسیح اول شاہی حکیم جموں و کشمیر درویش حقیقی

۲۵ جڑی بوٹیوں دیسی ادویات اور سچے موتیوں کا مرکب، آنکھوں کی جملہ امراض کمزوری نظر کے لئے بے حد مفید ہے۔ اور آنکھوں کو ٹھنڈک پہنچاتا ہے قیمت فی شیشی صرف ایک روپیہ۔ شیشے کی سلائی ساتھ ہیں مفت، پرچہ ترکیب استعمال ہمراہ، علاوہ ازیں ہمارے دوسرے تحفے درویش کاجل، درویش امرت اور درویش سینٹ بھی حاضر ہیں۔

جلسہ سالانہ میں گولبازار ربوہ میں ہر دکان سے خریدیئے ہمارا عارضی سٹال بھی گولبازار میں ہوگا

جلسہ سالانہ کے مبارک ایام میں

ہماری عارضی دکان

گولبازار ربوہ میں ہوگی

بیمار عورتوں کے معائنہ کا تسلی بخش انتظام ہوگا

گوجرانوالہ

مینجر دواخانہ حکیم نظام جان اینڈ سنز

خورشید یونانی دواخانہ رجسٹرڈ ربوہ

ربوہ کا مشہور و معروف دواساز ادارہ

(زیر نگرانی)

حکیم شیخ خورشید احمد ممتاز الاطباء

رجسٹرڈ یونانی طبیب

اس ادارہ میں تمام مرکبات نہایت عمدہ اعلیٰ اور مکمل اجزاء سے تیار کئے جاتے ہیں اور یونانی مفردات بھی صاف ستھری مناسب داموں میں ملتی ہیں، اپنی جملہ طبی ضروریات اور یونانی طریق علاج سے استفادہ کے لئے خورشید یونانی دواخانہ رجسٹرڈ گولبازار ربوہ میں تشریف لائیں

مینجر خورشید یونانی دواخانہ رجسٹرڈ ربوہ نون نمبر ۳۸

دوائی فضل الٰہی

جن عورتوں کے ہاں لڑکیاں ہی لڑکیاں پیدا ہوتی ہوں اس کے استعمال سے بفضلہ تعالیٰ لڑکا پیدا ہوتا ہے بارہا تجربہ میں آچکی ہے مگر شرط یہ ہے کہ حمل کے پہلے مہینہ سے شروع کی جائے۔ قیمت مکمل کورس ۱۶/- روپے

دواخانہ خدمت خلق رجسٹرڈ ربوہ

الفضل میں اشتہار دے کر اپنی تجارت کو فروغ دیں

(مینجر)

ٹنڈر نوٹس میں ضروری تصحیح

مورخہ ۵ جنوری ۱۹۶۸ء کے الفضل میں صفحہ ۷ پر محکمہ پبلک ہیلتھ انجینئرنگ مغربی پاکستان کا ٹنڈر نوٹس نمبر 67/1989 (PHE) شائع ہوا ہے اس میں "تفصیل کام" کے تحت کام نمبر ۲ کی تخمینہ لاگت غلطی سے ۱۵،۱۵۰۰۰/- روپے لکھی گئی ہے۔ کام مذکورہ کی اصل تخمینہ لاگت ۵،۱۵۰۰۰/- روپے ہے قارئین تصحیح فرمالیں۔

ہماری مفید کتابیں

۱۔ تفہیمات ربانیہ: غیر احمدی علماء کے جملہ اعتراضات کے مدلل اور مسکت جوابات پر مشتمل سوا آٹھ صد صفحات کی کتاب ہے۔ سفید کاغذ قیمت گیارہ روپے (محدود تعداد باقی ہے)

۲۔ القول المبین: مودودی صاحب کی کتاب ختم نبوت کا جامع جواب ہے جس کا جواب دینے کی مودودی صاحب کو جرأت نہیں ہوئی۔ حجم اڑھائی صد صفحات قیمت دو روپے

۳۔ مباحثہ مصر: عیسائی پادریوں سے ان کے معتقدات کے بارے میں مصر میں کیا گیا مباحثہ ہوا ہے۔

قیمت اردو ۶۲ پیسے

" انگریزی ۱-۲۵ روپے

۴۔ تحریری مناظرہ: پادری عبدالحق صاحب کے الوہیت مسیح پر مناظرہ پادری صاحب نے لاجواب ہو کر مناظرہ درمیان میں ہی چھوڑ دیا تھا قیمت ۱-۵۰ روپیہ

۵۔ بہائی شریعت پر تبصرہ: بہائیوں کی اصل شریعت مع ترجمہ اور اس پر تبصرہ قابل دید ہے قیمت ۱-۵۰ روپیہ

۶۔ نیر الامتین: سو احادیث اور ان کا اردو ترجمہ بچوں اور بچیوں کی تعلیم کے لئے نہایت مفید مجموعہ ہے قیمت تیس پیسے

۷۔ موجودہ عیسائیت کا اعتراف: قیمت بارہ پیسے

مینیجر مکتبہ الفرقان ربوہ

ایک ضروری اعلان

جو دوست جلسہ سالانہ کے موقع پر ربوہ میں نکاح پڑھانا چاہتے ہوں انہیں سرکاری فارم بھی صحیح طور پر پُر کرا کر لانے چاہئیں اور نکاح کے فارم بھی منگوا کر پُر کر کے ساتھ لانے چاہئیں۔

لڑکی کی رضامندی کے متعلق شہادت دینے والے دونوں گواہوں کو ناظر اصلاح و ارشاد کے سامنے یہ بیان دینا ہوگا کہ لڑکی نے ان کے سامنے اپنی رضامندی سے دستخط کئے ہیں۔ یا نشان انگوٹھا لگایا ہے۔ اگر گواہ ساتھ نہ ہوں تو امیر جماعت یا صدر کی تصدیق مع مہر ساتھ شامل ہونی چاہیئے کہ ان دونوں گواہوں نے میرے سامنے یہ شہادت دی ہے کہ لڑکی نے ہمارے سامنے دستخط کئے ہیں۔ یا نشان انگوٹھا لگایا ہے۔ اگر فارموں میں کوئی خامی ہوگی تو نکاح نہیں ہو سکے گا۔ فارموں کے ساتھ بعض اور ہدایات بھی دی گئی ہیں ان کی پابندی بھی ضروری ہے۔

فارم شعبہ رشتہ ناطہ ربوہ سے حاصل کئے جائیں۔ (ناظر اصلاح و ارشاد۔ ربوہ)

درخواست دعا۔ خاکسار کی دو پھوپھیاں کچھ عرصہ سے بیمار ہیں احباب جماعت سے انکی صحت یابی کے لئے دعا کی درخواست ہے۔ مرزا محمد اسلم خان۔ گوجرانوالہ

جلسہ سالانہ کے موقع پر شبینہ اجلاس کا پروگرام

جلسہ سالانہ کے موقع پر ۱۱۔ ۱۲ جنوری کی درمیانی رات مسجد مبارک میں بعد نماز عشاء پونے آٹھ بجے مکرم مولانا ابوالعطاء صاحب نائب ناظر اصلاح وارشاد ربوہ کی صدارت میں شبینہ اجلاس منعقد ہوگا۔ اس اجلاس میں مندرجہ ذیل احباب اپنے مقالے پڑھیں گے۔

۱۔	مکرم مولوی دوست محمد صاحب شاہد	حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا سفر کشمیر	نصف گھنٹہ
۲۔	مکرم مولوی غلام باری صاحب سیف	حضرت مسیح موعود علیہ السلام کا علم کلام	〃
۳۔	مکرم پروفیسر چوہدری محمد علی صاحب ایم اے	حضرت خلیفۃ المسیح الثالث ایدہ اللہ تعالیٰ کے سفر یورپ کے متعلق میرے تاثرات	〃
۴۔	مکرم عبدالغفار خان صاحب متعلم درجہ خامسہ جامعہ احمدیہ	قرآن مجید کی عظمت حضرت مسیح موعود علیہ السلام کی نظر میں	〃
۵۔	مکرم مولانا ابوالعطاء صاحب	وصیت کے متعلق بعض ضروری ہدایات	پندرہ منٹ

(ناظر اصلاح وارشاد)

جلسہ سالانہ ۱۹۶۸ء پر جماعتی ملاقاتوں کا پروگرام

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الثالث ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز سے جلسہ سالانہ کے ایام میں جماعتی ملاقاتوں کا نظر ثانی شدہ پروگرام درج ذیل ہے جماعتیں اپنی اپنی ملاقات کی تاریخ اور وقت نوٹ کر لیں اور اس کے مطابق ملاقات کا شرف حاصل کریں۔

(پرائیویٹ سیکرٹری حضرت خلیفۃ المسیح الثالث)

تاریخ	وقت	نام جماعت ہائے	عرصہ ملاقات
۱۱/۱/۶۸	۸ بجے صبح	لاہور شہر و ضلع	۵۰ منٹ
		کیمل پور شہر و ضلع	۱۰ منٹ
	½۱ شام	گجرات شہر و ضلع	۴۰ منٹ
		پشاور۔ ڈیرہ اسماعیل خان ڈویژن	۴۰ منٹ
		شیخوپورہ شہر و ضلع	۴۰ منٹ
		جہلم شہر و ضلع	۱۵ منٹ
		ڈیرہ غازی خان شہر و ضلع	۱۵ منٹ
		میانوالی شہر و ضلع	۵ منٹ
۱۲/۱/۶۸	۸ بجے صبح	ملتان شہر و ضلع	۴۰ منٹ
		راولپنڈی شہر و ضلع	۳۵ منٹ
	½۷ شام	سیالکوٹ شہر و ضلع	۱۰۰ منٹ
		بیعت	۱۵ منٹ
		گوجرانوالہ شہر و ضلع	۶۰ منٹ
۱۳/۱/۶۸	۸ بجے صبح	حیدرآباد و خیرپور ڈویژن	۴۵ منٹ
		کراچی	۳۰ منٹ
		مظفر گڑھ شہر و ضلع	۲۰ منٹ
	½۷ بجے شام	کوئٹہ بلوچستان	۲۰ منٹ
		بہاولپور ڈویژن (بہرسہ اضلاع)	۳۰ منٹ
		بیعت	۱۵ منٹ
		جھنگ شہر و ضلع	۲۵ منٹ
		ساہیوال شہر و ضلع	۴۰ منٹ
		آزاد کشمیر	۲۰ منٹ
۱۴/۱/۶۸	۹ بجے صبح	سرگودھا شہر و ضلع	۴۵ منٹ
		بیعت	۱۰ منٹ
		لائل پور شہر و ضلع	۶۰ منٹ
		مشرقی پاکستان	۱۰ منٹ
		ہندوستان	۱۵ منٹ
		ممالک بیرون	۱۰ منٹ

نقشہ جماعتی فرودگاہ مہمانان

جلسہ سالانہ کے ایام میں مختلف جماعتوں کی فرودگاہوں کی تفصیل درج ذیل ہے۔ متعلقہ جماعتیں اور احباب نوٹ فرمالیں۔

قیام گاہ	نام جماعت	قیام گاہ	نام جماعت
جامعہ احمدیہ	جھنگ شہر و ضلع	ایوان محمود	سیالکوٹ شہر و ضلع
	لائل پور شہر و ضلع		افغانستان
ہوسٹل جامعہ احمدیہ	شیخوپورہ شہر و ضلع		آزاد کشمیر
	ڈیرہ غازی خان شہر و ضلع		
تعلیم الاسلام کالج	لاہور شہر و ضلع	دارالضیافت	قادیان۔ بھدرت
	کیمل پور شہر و ضلع		کوئٹہ و قلات ڈویژن
	بہاولپور ڈویژن		ضلع ہزارہ
فضل عمر ہوسٹل	پرائیویٹ قیام گاہ		مشرقی پاکستان
			کراچی ڈویژن
فضل عمر ریسرچ انسٹیٹیوٹ	مظفر گڑھ شہر و ضلع	دفاتر انصاراللہ	پشاور ڈویژن
	میانوالی شہر و ضلع		(ماسوا ہزارہ)
بشیر ہال	گجرات شہر و ضلع		ڈیرہ اسمٰعیل خان
			ڈویژن
بورڈنگ ہاؤس	گوجرانوالہ شہر و ضلع		
	راولپنڈی شہر و ضلع	دفاتر صدر انجمن احمدیہ	سرگودھا
تعلیم الاسلام ہائی سکول	ساہیوال شہر و ضلع		شہر و ضلع
	ملتان 〃 〃	خیمہ جات	
	جہلم 〃 〃		
	خیرپور ڈویژن		
	حیدرآباد ڈویژن		

(نصیر احمد خان ناظم مکانات)

اعلان نکاح

ربوہ ۷ جنوری۔ سیدنا حضرت امیرالمومنین ایدہ اللہ بنصرہ العزیز نے عزیزہ آصفہ خاتون صاحبہ بنت مکرم چوہدری نثار احمد صاحب کا نکاح ارشاد احمد صاحب ابن مکرم محمد احمد صاحب کرشن نگر لاہور سے پڑھا۔ احباب دعا فرمائیں کہ اللہ تعالیٰ اس رشتہ کو جانبین کے لئے بابرکت اور مثمر ثمرات حسنہ بنائے۔ آمین۔

محترم سید فخر الاسلام صاحب کی وفات

افسوس سے لکھا جاتا ہے کہ محترم سید فخر الاسلام صاحب ابن سید ۲۹ اور ۳۰ دسمبر ۶۷ء کی درمیانی شب شیخوپورہ میں وفات پا گئے۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔ آپ نے ربوہ کی ابتدائی تعمیر کے سلسلہ میں بہت خدمات سرانجام دی تھیں۔ آپ مکرم منیر مقبول احمد صاحب نائب امیر جماعت احمدیہ راولپنڈی کے نانا تھے۔ احباب جماعت مرحوم کی مغفرت اور بلندی درجات کے لئے دعا کریں۔

قارئین الفضل کیلئے ضروری اطلاع

الفضل کا خاص نمبر مورخہ ۱۱ جنوری کو شائع ہو رہا ہے۔ اس کے بعد جلسہ سالانہ کی مصروفیات کی وجہ سے الفضل شائع نہ ہوگا۔ البتہ ۱۶ جنوری کی شام کو پرچہ نکلے گا۔

(منیجر روزنامہ الفضل)

رجسٹرڈ نمبر ایل ۵۲۵۴